NHS

قے ہونا

ایک پریشانی ہے جو امکانی طور پر خود ہی ٹھیک ہو جاتی ہے

بچوں کے لئے قے ہونا عام بات ہے - ابتدائی ہفتوں میں اس وقت ہوتا ہے جب وہ دودھ پینے کے عادی ہو رہے ہوتے ہیں اور ان کے جسم بڑھتے ہیں۔ دودھ کی تھوڑی مقدار کے اگلنے کو پوسیٹنگ کہا جاتا ہے۔ جب آپ کا بچہ قے کرے گا تو اس کی مقدار کہیں زیادہ ہوگی۔ یہ آپ کے بچہ کے لئے ڈراؤنا ہوسکتا ہے، اس لئے ممکن ہے کہ وہ روئیں۔ بہت سی چیزیں آپ کے بچہ کے قے ہونے کا سبب بن سکتی ہیں۔

یقینی بنائیں کہ چھاتی یا بوتل سے دودھ پلاتے وقت آپ کا بچہ صحیح پوزیشن میں رکھا جائے۔ غلط پوزیشن سے بچہ کو قے ہوسکتی ہے۔ آپ کی دایہ یا معائنہ کار صحت اس سلسلے میں مدد کر سکتے ہیں۔ اپنے بچے کو ریاح خارج کرانا فیڈنگ کا ایک اہم حصہ ہے کیونکہ جب آپ کا بچہ نگلتا ہے تو، ہوا کے بلبلے ان کے پیٹ میں پھنس سکتے ہیں جو تکلیف کا سبب بنتے ہیں۔ کچھ بچے آسانی سے ڈکار لے لیں گے، جبکہ دوسرے بچوں کو اس کام کے لئے مدد کی ضرورت ہوگی۔ فیڈنگ کے دوران اور اس کے بعد ریاح خارج کرانے سے بچوں کو فائدہ ہوگا۔ اپنے بچے کے سر اور گردن کو سہارا دے کر یہ کام کریں، یقینی بنائیں کہ ان کا پیٹ اور پیٹھ سیدھے ہوں اور ان کی پیٹھ پر آہستگی سے رگڑیں یا تھپکی دیں۔

اکثر یا زیادہ مقدار میں قے ہونا گیسٹرک ریفلکس کی وجہ سے ہوسکتا ہے جس میں پیٹ سے تیزاب دوبارہ باہر آ سکتا ہے۔ بچے چڑچڑے ہو سکتے ہیں اور یہ کبھی کبھی ناکافی دودھ پینے کا سبب بن سکتا ہے۔ اگر آپ کا بچہ اچھی طرح دودھ پی رہا ہے لیکن اپنے معمول کے برعکس نظر آ رہا ہے تو آپ کو انہیں اور زیادہ سیدھا کرنے کے لئے دودھ پلانے کے دوران بچہ کی پوزیشن بدلنے کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ تھوڑی مقدار میں اور زیادہ بار دودھ پلانا بھی معاون ہوسکتا ہے۔

اگر آپ اپنے بچے کی فیڈنگ کے بارے میں تشویش زدہ ہیں تو براہ کرم مزید مشورے کے لئے یا ہمارے فیڈنگ کلینک میں ریفرل پر گفتگو کرنے کے لئے اپنے معائنہ کار صحت سے بات کریں۔

جی پی کہتے ہیں

ابتدائی چند مہینوں کے بعد اگر آپ کا بچہ اچانک قے کرتا ہے تو ممکن ہے کہ یہ دودھ اگلنے کے بجائے پیٹ کے ایک وائرس کی وجہ سے ہو۔ گیسٹرو انٹیرائٹس پیٹ کا ایک جراثیم ہے (دیکھیں خراب پیٹ صفحہ 28)، جو اسہال (پتلی اجابت) کے ساتھ آ سکتا ہے۔

بڑے بچوں کے مقابلہ میں چھوٹے بچوں میں یہ زیادہ سنگین ہوتا ہے کیونکہ چھوٹے بچے بآسانی اپنے جسم سے بہت زیادہ سیال کھو سکتے ہیں اور ان میں پانی کی کمی ہوجاتی ہے۔ اگر ان میں پانی کی کمی ہوجائے تو وہ زیادہ پیشاب نہیں کرسکتے ہیں، انہیں کم بھوک لگ سکتی ہے اور ان کے ہاتھ اور پیر ٹھنڈے ہوسکتے ہیں۔

اگر آپ کے بچہ کی طبیعت ناساز ہے، یا اگر قے میں سبز پت سے آلودہ سیال پایا جاتا ہے یا وہ ایک دن سے زیادہ برقرار رہتا ہے تو فورا اپنے جی پی کی صلاح لیں۔

معائنہ کار صحت کہتے ہیں

دودھ پلانے کے دوران یا اس کے بعد دودھ اگلنا طبعی بات ہے۔ اگر یہ دیگر اوقات میں، دودھ پلانے کے عمل کے دوران، جاری رہتا ہے تو یہ پیٹ کے جراثیم ہو سکتے ہیں۔ بچوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ پانی کی کمی سے بچنے کے لئے خوب سیال پیئیں۔

1

میرا ایک نیا بچہ ہے۔ میں نے ابھی ابھی اپنے بچہ کو دودھ پلایا ہے۔

2

وہ ہمیشہ دودھ کی تھوڑی مقدار اگلتا ہوا معلوم ہوتا ہے۔

3

اسے دودھ اگلنا (پوسیٹنگ) کے طور پر جانا جاتا ہے۔ جب وہ بڑے ہوں گے تو یہ قدرتی طور پر بند ہو جائے گا۔ اپنے معائنہ کار صحت سے بات کریں۔